Ministry of Social Affairs and Employment

شہرّیت کا بنیادی امرتحان بیرون مرلک

نیدرلینڈ کو

آپ اپنے شریک حیات کے پاس نیدرلینڈ میں منتقل ہونا چاہتے ہیں۔ اس سے قبل کہ آپ نیدرلینڈ کو جا سکیں آپ کو شہریّت کا بنیادی امتحان بیرون ملک (مختصرا" شہریّت کا بنیادی امتحان) کو پاس کرنا ہے۔ اس شذرے میں آپ اس شہریّت کے بنیادی امتحان کے بارے میں سب کچھ پڑھیں گے۔

نیدرلینڈ مریں شہریت سازی

اگر آپ نیدرلینڈ میں رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو درج ذیل امور انجام دینے ہیں:

- آپ کوڈچ زبان سیکھنا ہے۔ اسطرح آپ آسانی سے ڈچ معاشرے میں شامل ہوتے ہیں۔
- آپ کو یہ بھی سیکھنا ہے کہ ہالینڈ میں لوگ کیسے رہتے ہیں، ہالینڈ میں لوگ آپس میں کیسے میل ملاپ کرتے ہیں۔
- آپ کو سماج میں شامل ہونا ہےمثلاً کام کر کے یا کوئی رضاکارانہ کام کر کے۔ یہ آپ مزید تعلیم حاصل کر کے بھی کرتے ہیں، کسی تنظیم کا رکن بن کے یا صرف اپنے ہمسائیوں سے تعلق رکھ کے بھی۔

اسے ہم شہریت سازی بھی کہتے ہیں۔

کیا آپکو شہریت سازی کا بنیادی امرتحان بھی دینا ہے؟

آیا آپکو شہریت سازی کا بنیادی امتحان لازمی دینا ہے اسکا انحصار اس بات پہ ہے کہ مثلا" آپ کی عمر کیا ہے یا قومیّت کیا ہے۔ کیا آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آپکے لیے امتحان دینا ضروری نہیں تو شعبۂ مہاجرین اور قومیّت (آئی این ڈی) کی ویب سائیٹ پر اس بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں۔

آپ شعبۂ مہاجرین اور قومیّت (آئی این ڈی) کو فون کریں۔

فون: 0880430430 (مقامی شرح)۔

بیرون ملک سے فون نمبر +31880430430۔

اگر آپ بنیادی امرتحان نہیں دے سکتے؟

کچھ لوگ یہ امتحان نہیں دے سکتے اپنی صحت کی وجوہات کی بنا پر۔ کیا آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ صحت کی بناء پہ امتحان نہیں دے سکتے؟ تو دیکھیے
www.rijksoverheid.nl/onderwerpen/nieuw-in-nederland/vraag-en-antwoord/kan-ik-ontheffing-krijgen-voor-een-inburgeringsexamen

بیرون مرلک شہریت سازی کے بنیادی امرتحان مریں کامریابی

ہالینڈ میں آنے سے قبل شہریت سازی کا بنیادی امتحان آپ نے اس ملک میں دینا ہے جہاں آپ رہ رہے ہوں۔ ہالینڈ میں رہنے کے لیے یورپین یونین سے باہر کے ملکوں سے آنیوالوں کے لیے اکثر اجازت کی ضرورت درکار ہوتی ہے۔ اس اجازت کے حصول کے لیے آپ کو یہ بیرون ملک شہریت سازی کا بنیادی امتحان پاس کرنا ہے۔

بنیادی امرتحان کی شکل کیا ہے؟

شہریت سازی کے بنیادی امتحان کے تین حصّے ہیں۔

1- بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان—آپ کو ڈچ زبان میں بولنا آنا چاہیے -

2-پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان— آپ کو ڈچ زبان میں پڑھنا آنا چاہیے۔

3-ہالینڈ کی معاشرت کے علم بارے امتحان-- آپکو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ہم ہالینڈ میں کیسے رہتے ہیں، اور یہاں کے اصول کیا ہیں۔

مزید معلومات کے لیے دیکھیے: www.naarnederland.nl

بنیادی امرتحان کی تیاری

اس خود تعلیمی پیکیج ۔ Naar Nederland ۔ کی مدد سے آپ خود ہی بنیادی امتحان کی تیاری کر سکتے ہیں۔ اس تعلیمی پیکیج میں وہ سب موجود ہے جسکی مدد سے آپ بنیادی امتحان کے تینوں حصّوں یعنی ڈچ زبان بولنے، پڑھنے اور ہالینڈ کے معاشرے کے بارے میں سیکھتے ہیں۔ آپ اس تعلیمی پیکیج کو مفت میں ڈائون لوڈ کر سکتے ہیں یا ۲۵ یورو ادا کر کے اس ویب سائٹ سے منگوا سکتے ہیں: www.naarnederland.nl

یہ پیکیج ۳۳ زبانوں میں دستیاب ہے۔

اس ویب سائٹ پر آپ بنیادی امتحان کی مشق بھی کرسکتے ہیں۔

آپ امرتحان کہاں دے سکتے ہیں؟

- کسی ڈچ سفارتخانے میں
- کسی ڈچ قونصلیٹ میں

بنیادی امتحان برآئے شہریت سازی کے لیے اندراج کے وقت آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپکے ملک میں سفارتخانہ یا قونصلیٹ موجود ہے کہ نہیں۔ آیا آپکے ملک میں کوئی سفارتخانہ یا قونصلیٹ موجود نہیں جہاں آپ بنیادی امتحان برآئے شہریت سازی دے سکیں تو اس صورت میں آپکو کسی دوسرے ملک جانا ہو گا۔ آپ نے خود انتخاب کرنا ہوگا کہ آپنا امتحان کہاں دینا ہے۔

آپ نے اندراج کیسے کرانا ہے؟

اس سائیٹ پر اندراج کا فارم پر کریں۔ سارے امتحان کے مجموعی اخراجات ۱۵۰ یورو ہیں۔ آپ مختلف حصوں کے علیحدہ علیحدہ امتحان بھی دے سکتے ہیں مثلا" اگر آپ کسی ایک حصّے میں ناکام ہو گئے ہوں۔ بولنے کی صلاحیّت بارے امتحان کے اخراجات ۶۰ یوروز ہیں، پڑھنے کی صلاحیّت بارے امتحان کے ۵۰ یوروز اور ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم کے اخراجات ۴۰ یوروز ہیں۔

آپ کے اندراج کے بعد کیا ہوتا ہے؟

بنیادی امتحان برآئے شہریت سازی کے لیے اندراج کے بعد آپ کو ۔DUO۔ محکمہ برائے حصول تعلیم کی طرف سے ای-میل ملتا ہے کہ آپ رقم کیسے ادا کر سکتے ہیں۔ جب ۔ DUO ۔ کو رقم مل جائے تو آپ کو ایک اور خط ملتا ہے کہ آپ امتحان کے لیے وقت طے کر سکتے ہیں۔ آپ سفارتخانے یا قونصلیٹ سے رابطہ کر کے وقت طے کرتے ہیں۔

اس بارے میں مزید جاننے کے لیے رابطہ کریں
www.naarnederland.nl

اگر آپ مزید سوال پوچھنا چاہتے ہیں حکومتی نمبر کو فون کریں 1400 نمبر پر۔

بیرون ملک سے31774656767 پر فون کریں۔ اس کے علاوہ اس سائیٹ
www.rijksoverheid.nl
سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

امرتحان کے دن کیا ہوتا ہے؟

- آپ مقرّرہ تاریخ اور وقت پہ پہنچتے ہیں۔
- آپ اپنے ساتھ DUO سے حاصل شدّہ تصدیقی خط امتحاں کے دن لے کر جاتے ہیں۔
- آپ اپنے ساتھ ایک پاسپورٹ سائز فوٹو بمطابق معیار نیدرلینڈ کے لے کر جاتے ہیں۔
- استقبالیے پہ اپنا نام بتاتے ہیں۔
- اپنا پاسپورٹ استقبالیے پہ دکھاتے ہیں، کوئی اور شناختی کاغذ بھی دکھایا جا سکتا ہے۔
- استقبالیے پہ موجود فرد اس کی کاّپی بناتا ہے۔
- آپکے انگوٹھے کے نشان لیے جاتے ہیں۔
- یہ تمام معلومات کمپیوٹر میں ڈالی جاتی ہیں۔

اگر آپ نے تمام حصوں کاایک بار امرتحان دینا ہے تو یہ کیسے ہو گا؟

- حصہ 'ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم' کے بارے میں وضاحت
- حصہ 'ہالینڈ کے معاشرے کے بارے علم' کا امتحان، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ ۳۰ منٹ ہیں۔
- وقفہ
- حصہ 'پڑھنے کی صلاحیّت' کے بارے میں وضاحت
- حصہ ' پڑھنے کی صلاحیّت' کا امتحان، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ ۳۵ منٹ ہیں۔
- وقفہ
- حصہ 'بولنے کی صلاحیّت' کے بارے میں وضاحت
- حصہ 'بولنے کی صلاحیّت' کا امتحان، اس کے لیے آپ کے پاس زیادہ سے زیادہ ۳۰ منٹ ہیں۔

آپ امتحانات کمپیوٹر پہ کرتے ہیں۔آپکو کچھ لکھنا نہیں۔ سب ملا کر آپ تقریبا" ۲ گھنٹےتک سفارتخانہ یا قونصلیٹ میں موجود رہیں گے۔

آپ کب کامیاب قرار پائے؟

اگر آپ تینوں حصّوں میں پاس ہر گئے تر آپ کامیاب قرار دیے جائیں گے۔ آپ کو ہر ایک حصّے کے بارے میں علیحدہ بتایا جائے گا کہ آیا آپ اس میں پاس ہو گئے یا نہیں۔ اگر آپ کسی ایک حضّے میں رہ جاتے ہیں تو آپ کو صرف اس حصّے کا امتحان دوبارہ دینا ہو گا۔

نتیجہ کب آئے گا؟

آپ کو آٹھ ہفتوں کے اندر اندر DUO سے نتائج ملیں گے۔ اکثر اس سے قبل ہی معلوم ہو جاتا ہے۔ آگر آپ تینوں حصّوں میں پاس ہو گئے تو پھر آپ نے ایم-وی-وی کے لیے درخواست دینی ہے۔ ایم-وی-وی کی درخواست کے لیے کچھ دیگر شرائط بھی ہیں۔ شعبۂ مہاجرین اور قومیّت (آئی این ڈی) کی ویب سائیٹ پر اس بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں، دیکھیے .www.ind.nl

یا فون کریں: 0880430430 (مقامی شرح)۔ بیرون ملک سے فون نمبر 31880430430+۔

آپکو امرتحان پاس کرنے کے ایک سال کے اندر اندر ایم-وی-وی کے لیے درخواست دینی ہے۔

اگر آپ نے دیر کر دی تو آپکو امتحان دوبارہ دینا ہو گا۔ اس تاریخ کا اطلاق اس دن سے ہو گا کہ جس دن آپ نے امتحان کا اخری حصّہ پاس کیا۔

آگر آپ امرتحان مریں ناکام رہتے ہیں؟

آپ امتحان دوبارہ سے دے سکتے ہیں، مگر آپکو پھر سے بنیادی امتحان شہریت سازی کے لیے اندراج کرانا ہو گا اور فیس ادا کرنا ہو گی۔
کیا آپ امتحان کے متعلق مزید جاننا چاہتے ہیں؟
تو پھر دیکھیے www.naarnederland.nl
یا کیا آپ کے پاس سوالات ہیں تو فون کریں 1400 نمبر پر۔ بیرون ملک سے 31774656767+ پر فون کریں۔آپ ای-میل بھی کر سکتے ہیں، اس کے لیے ویب سائیٹ پر جائیں: www.rijksoverheid.nl

ہالینڈ مریں شہریت سازی

اگر آپ نیدرلینڈ میں رہتے ہیں تو آپ کو شہریت کے حرالے سے مزید جاننا پڑے گا۔ اس طرح آپ بہتر طور پہ ڈچ معاشرے میں انضمام ہو سکتے ہیں اور آپکے کام کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اس لیے آپکو نیدرلینڈ میں بھی شہریت سازی کے امتحانات میں کامیاب ہونا ہے۔ کیا آّپ اس بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو دیکھیے: www.inburgeren.nl .